BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن نے 2023 کے بجٹ کی منظوری دے دی ہے، جو ہمارے شاندار مستقبل کی مضبوط بنیادوں پر مبنی ہے

برامپٹن، آن (10 مارچ 2023) – برامپٹن سٹی کونسل نے کل اپنی ایک خصوصی کونسل میٹنگ کے دوران 2023 کے لیے اپنے آپریٹنگ اور کیپیٹل بجٹ کی متفقہ طور پر منظوری دے دی ہے۔

منظور شدہ بجٹ میں کیپٹل پراجیکٹس کی مد میں 496$ ملین کی سرمایہ کاری اور خزانے میں 134$ ملین کی خطیر رقم کا ریکارڈ اضافہ شامل ہے، جبکہ صحت کی دیکھ بھال کی سہولیات میں بہتری اور فروغ کے لیے بھی تاریخی سرمایہ کاری جاری رکھی جائے گی، بشمول ایک دوسرا ہسپتال بنانا اور ایک نئے کینسر کیئر سنٹر کا قیام عمل میں لانا۔

845$ ملین کے منظور شدہ آپریٹنگ بجٹ کے نتیجے میں سٹی کے حصے کے پراپرٹی ٹیکس بل پر سٹی سروسز کی مد میں صرف 2.9 فیصد اضافہ کیا گیا ہے یا یہ اضافہ فی اوسط گھرانے کے لیے یہ رقم 177$ کے برابر ہو گا۔ ریجن آف پیل کے لیے 2.8 فیصد اور سکول بورڈز کے لیے 0 فیصد کا اضافہ شامل کیا گیا ہے۔ برامپٹن میں گھریلو رہائشی پراپرٹیز پر اوسط پراپرٹی ٹیکس میں کل اضافہ 321$ کے برابر ہو گا۔

## 2023 کے بجٹ کی جھلکیاں

*انفراسٹرکچر پر اخراجات*

- تین سالوں کے دوران ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی کے لیے 21$ ملین مختص کیے گئے ہیں
- سابق فوجیوں اور ہنگامی حالات میں پہلی کاروائی کرنے والے کارکنان کے پروگرام کی جگہ کے ساتھ ایک ماحولیاتی تعلیمی مرکز / جانوروں کی پناہ گاہ کے قیام کے لیے 3.5$ ملین مختص کیے گئے ہیں
- فنون اور ثقافت کے ایک مرکز کے لیے 2.6$ ملین کی رقم رکھی گئی ہے

*نگہداشت صحت: ہمارا منصفانہ حصہ*

- برامپٹن کے لیے ایک دوسرے ہسپتال اور کینسر کی دیکھ بھال کے ایک نئے مرکز کی تعمیر میں معاونت کے لیے ہسپتال لیوی کا تسلسل
- خزانے میں 4.9$ ملین سالانہ کی شراکت
- ٹورینٹو میٹروپولیٹن یونیورسٹی کے نئے میڈیکل اسکول کے لیے 20$ ملین کی امدادی رقم

*ذرائع نقل و حمل اور موسمیاتی تبدیلی*

- برامپٹن کی نئی تیسری ٹرانزٹ سہولت گاہ کی الیکٹریفکیشن اور برامپٹن کی موجودہ سینڈل ووڈ ٹرانزٹ سہولت گاہ کی الیکٹریفیکیشن ریٹروفیٹ کے لیے 210$ ملین رکھے گئے ہیں
- چنگواکوسی روڈ کوریڈور کے ساتھ زوم سروس کی توسیع کے لیے 15.4$ ملین کی رقم مختص کی گئی ہے

*کمیونٹی کی حفاظت اور بہبود*

- 24 نئے کل وقتی فائر فائٹرز کی بھرتی
- کمیونٹی سیفٹی ایکشن پلان کی فراہمی کے لیے 650,000$ سے زیادہ کی رقم
- آگ بجھانے کے نئے آلات اور گاڑیوں کے لیے 8$ ملین کی رقم
- ٹریفک کو پرسکون بنانے کے اقدامات کے لیے 1.2$ ملین کی رقم

*پارکس اور تفریحی*

- ہاؤڈن ری کریئیشن سنٹر کو دوبارہ تیار کرنے، بشمول کھیلوں کے ایک نئے میدان کی تعمیر کے لیے 24$ کی رقم
- گور میڈوز میں کرکٹ، فٹ بال، ٹینس کے میدانوں اور عمارتوں کو تیار کرنے کے لیے 9$ ملین کی رقم
- سٹی کے ون ملین ٹری پروگرام میں معاونت کی مد میں، اربن فاریسٹ کینوپی پروگرام کے لیے 1.2$ ملین کی رقم

BRAMPTON

Media Release

- پورے شہر کے موجودہ اور نئے پارکوں کے لیے ‎$13.25‎ ملین کی رقم

*ہماری کمیونٹی کی طرف سے تشکیل کردہ* سٹی درج ذیل مختلف ذرائع کی مدد سے پورا سال اپنے رہائشیوں کی جانب سے فیڈ بیک اکٹھی کرتا رہتا ہے، جس سے ہمیں شہر کے بجٹ کو تشکیل دینے میں مدد ملتی ہے:

- 311 فون کالز، ای میلز اور سوشل میڈیا
- 23 فروری کو بزنس ورچوئل گول میز کانفرنس، جس میں 24 شرکاء نے مختلف شعبہ ہائے زندگی کی نمائندگی کی ہے
- بجٹ کے لیے مخصوص ٹیلی فون ٹاؤن ہالز 7 فروری کو 8,375 شرکاء کے ساتھ اور 25 فروری کو 5,492 شرکاء کے ساتھ منعقد کی گئیں

سٹی آف برامپٹن کے 2023 بجٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.brampton.ca/budget

**اقتباسات**

"ہمارا 2023 کا بجٹ ہماری ترقی کے لیے ایک متوازن نقطہ نظر ہے، جس کے تحت ہم اپنے مستقبل کے لیے ایک مضبوط بنیاد رکھتے ہوئے اپنے سامنے موجود تبدیلی کے مواقع پر کام کر رہے ہیں۔ ہم نئے پیل میموریل ہسپتال اور کینسر سنٹر کے ساتھ آگے بڑھنے کے ساتھ ساتھ قومی خزانے میں بھی ریکارڈ شراکت، ذرائع نقل و حمل میں مزید معاونت اور مقامی ہیلتھ کیئر فنڈنگ میں تاریخ کی بلند ترین سرمایہ کاری کرنے کے علاوہ صحت مند اور مربوط کمیونٹیز تشکیل دینے کے لیے پرعزم ہیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر؛ چیئر، بجٹ کمیٹی، سٹی آف برامپٹن*

"تمام رہائشیوں کے لیے، یہ ایک ایسا بجٹ ہے جو ایک ذمہ دارانہ نقطہ نظر کے ساتھ تشکیل دیا گیا ہے؛ یہ ایک ایسا بجٹ ہے جو GTA کی میونسپلٹیوں میں ہماری حیثیت کو اجاگر کرتا ہے۔ سٹی کے عملے نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے بہت محنت کی ہے کہ چار سال تک کسی بھی ٹیکس میں اضافہ کیے بغیر بھی ہم ایک ایسا منصوبہ فراہم کرنا جاری رکھیں ہوئے ہیں جو برامپٹن کے رہائشیوں اور کاروباروں کی زندگیوں میں صحیح معنوں میں مثبت تبدیلیاں لے کر آئے گا۔"

- *پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ وائس چیئر، بجٹ کمیٹی، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی کا 2023 کا بجٹ برامپٹن کے مستقبل کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔ ہم سب کے لیے جدید، جامع، محفوظ اور صحت بخش کمیونٹیز تشکیل دے رہے ہیں، جن کو انفراسٹرکچر، فائر فائٹنگ، ٹرانزٹ اور رہائشیوں کے لیے آنے والے برسوں تک لطف اندوز ہونے کے لیے بہت سی سہولیات میں ہمارا مالی تعاون حاصل ہے۔ ہمارے لوگ ہی ہمارے ہر کام کا محور ہوتے ہیں، بشمول ہماری بجٹ کی منصوبہ بندی جس میں ہم نے رہائشیوں کے سرفہرست تین خدشات پر توجہ مرکوز کی ہے: یعنی صحت کی دیکھ بھال، حفاظت اور ٹیکسوں میں کمی۔"

- *مارلون کیلیڈین، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن **700,000** لوگوں اور **75,000** کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca